Pearson

ذہانت کی جانچ کیا ہے؟

ذہانت کی جانچ کیوں انجام دی جاتی ہے اور آپ کو یہ کس لئے لینا چاہیے؟ آپ کو فعال کرنے کے لیے، ذیل میں اس بات کی وضاحت کی گیی ہے کہ ذہانت کی جانچ کیا ہے اور ذہانت کی جانچ کس طرح کام کرتی ہے اور اس میں آپ کی شرکت کیوں اہم ہے۔

ذہانت کی جانچ اس بات کا تعین کرتی ہے کہ بچّے اور بالغ حضرات اپنے ساتھیوں کے مقابلہ میں کس قدر ذہین ہیں۔ یہ زیادہ تر اس بات کا پتہ لگانے کے لیے انجام دی جاتی ہے کہ آپ کے لیے کونسا اسکول موزوں ہے، آپ کی زبان کا کورس کس سطح پر شروع ہوتا ہے اور آپ کے لیے دیگر کونسی مدد سب سے زیادہ مفید ہے۔ یہ اس بات کے مظاہرہ کا ایک اچھا موقع ہے کہ آپ کیا کر سکتے ہیں۔

ذہانت کے کئی مختلف میدان ہیں۔ دو مثالوں میں یہ باتیں شامل ہیں کہ آپ اپنے حوالے کیے گئے کاموں کو کس قدر تیزی اور کس قدر بہتر طریقہ سےمکمل کرتے ہیں یا آپ کی یادداشت کس قدر اچھی ہے۔ مختلف کاموں کے ذریعہ، یہ جانچ اس بات کا تعین کرتی ہے کہ ذہانت کے مختلف میدانوں میں آپ کس سطح پر ہیں۔ یہ عمومی طور پر اس طرح سے کام کرتی ہے:

جانچ کا/کی قائد آپ کے ساتھ ایک میز پر بیٹھے گا/ گی اور مختلف کاموں کی وضاحت کرے گا/ گی۔ آپ درست جواب دینے کے لیےان کاموں کو مکمل کریں گے اور آپ درست جوابات دینے کے لیے ممکنہ حد تک اپنی کوشش کریں گے۔ جانچ قائد اس بات کو نوٹ کرے گا/ گی کہ اس کی پیش رفت کس طرح ہوتی ہے۔ جانچ کے کاموں کی مثالیں حسب ذیل ہیں: آڑا کٹا معمّہ (جگسا پزل) کو آپس میں ملانا، کسی پیٹرن (طرز) کو مکمل کرنا، اشیا کو یاد رکھنا یا کسی کہانی کو درست ترتیب میں لانا۔ یہ ایک بہت ہی عام بات ہے کہ آپ کو جواب تلاش کرنے کے لیے بہت زیادہ سوچنا اور اپنی توجہ کو مرکوز کرنا پڑ سکتا ہے۔ تمام کاموں کو مکمل نہ کرسکنا ایک بہت ہی عام بات ہے۔ یہ سب سے بہتر ہوگا کہ آپ خاموشی کے ساتھ اور اپنی توجہ کو مرکوز کرتے ہوئے کام کریں۔

جانچ کے دوران آپ کا بات نہ کرنا اہم ہے۔ جس ذہانت کی جانچ آپ کو مکمل کرنی ہے، اسے بات کیے بغیر مکمل کریں۔ یہ بات تمام ثقافتوں اور زبانوں کے لیے یکساں ہے۔ تمام کاموں کی تصاویر کے ذریعہ وضاحت کی گیی ہے اور آپ اپنے جوابات کے لیے اپنے ہاتھ استعمال کریں گے۔ اس لیے، جانچ کی زبان کو سمجھنے کے تعلق سے خوف ذہ ہونے کی ضرورت نہیں۔

اس ذہانت کی جانچ میں آپ کی شرکت رضاکارانہ ہے۔ اگر آپ اس جانچ کو لینا نہیں چاہتے تو آپ کو لینا ضروری نہیں۔ لیکن ذہانت کی یہ جانچ آپ کو بہترین تعاون اور مدد حاصل کرنے میں مدد کرتی ہے۔ اس لیے، مسلسل طور پر ایمانداری کے ساتھ تعاون اور اپنی بہترین کارکردگی اہمیت رکھتی ہے۔

Du kan finne mer informasjon på **www.pearsonassessment.no/wnvinfo**

Urdu